# دفتر کنٹونمنٹ بورڈ رسالپور کینٹ

## شاندار نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ رسالپور کینٹ اپنے سالانہ ٹھیکہ جات بمطابق پروگرام و شرائط ذیل ہذا میں مورخہ 29/05/2025 کو نیلام کر رہا ہے۔ نیلامی منسوخ یا مسترد ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی مورخہ 30/05/2025 اور سہ بارہ نیلامی مورخہ 02/06/2025 ہوگی۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زر بیعانہ | معیاد/عرصہ | وصولیاتی ریٹ |
|---|---|---|---|---|
| ا۔ | حقوق وصولی پارکنگ فیس۔ | Rs.5,00,000/- | 1 سال | فلائنگ کوچ، موٹر کار/ سوزوکی -/100/ روپے۔ رکشہ چنگ چی 50 روپے یومیہ۔ |
| ۲۔ | ہاکر فیس | Rs.5,00,000/- | 1 سال | NFC روڈ -/200 روپے فی ریڑی فی دن<br>لنڈہ بازار (کباڑ) -/70 روپے فی دن<br>پھاٹک تا عالمگیر چوک -/300 روپے فی ریڑی فی دن۔ |
| ۳۔ | سلاٹر ہاوس | Rs.1,00,000/- | 3 سال | شرح فیس بورڈ کے مقرر کردہ ریٹس کے مطابق ہوگی |
| ۴۔ | حقوق وصولی دو عدد پبلک لیٹرین۔ | Rs.50,000/- | 3 سال | مبلغ -/20 روپے فی کس۔ |
| ۵۔ | سی بی پارک کینٹین | Rs.20,000/- | 1 سال | شرح فیس بورڈ کے مقرر کردہ ریٹس کے مطابق ہوگی |

شرائط نیلامی:۔

ا۔ کامیاب بولی دہندہ گان بولی شروع ہونے سے پہلے زر بیعانہ اوپر دی گئی تفصیل کے مطابق پے آرڈر کال ڈیپازٹ یا بینک ڈرافٹ بحق کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر رسالپور کینٹ بمعہ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دفتر ہذا کی ریونیو برانچ میں جمع کروائے گا۔ کامیاب بولی دہندگان کا کال ڈیپازٹ دفتر میں پڑا رہے گا۔

۲۔ کامیاب دہندہ بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر بولی کی کل رقم کا ایک چوتھائی (1/4th) حصہ موقع پر جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ باقی ماندہ رقم ٹھیکہ منظور ہونے پر ماہانہ اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ واضح رہے کہ موقع پر ایک چوتھائی رقم کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندگان کا زرضمانت بحق کنٹونمنٹ ضبط کرلیا جائے گا۔

۳۔ کینٹ بورڈ انتظامیہ ماہانہ قسط کی عدم آدائیگی کے صورت میں اطلاع دے کر ٹھیکہ کا چارج لے سکتی ہے اور ٹھیکہ کینسل کر کے دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

۴۔ مخصوص کردہ جگہ پر ریڑھیاں کھڑی کرنے کی اجازت ہوگی۔ اسکے علاوہ بازار اریا، گلی کوچوں اور مین روڈ پر ریڑھی کھڑی کرنے کی اجازت نہ ہوگی بصورت دیگر ٹھیکہ دار کو جرمانہ کیا جائے گا۔ اور مسلسل خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائیگی اور ٹھیکیدار کسی ریڑھی والے سے ایڈوانس کی مد میں رقم وصول نہیں کرے گا۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے ٹھیکہ میں سیکورٹی چیکنگ کا ذمہ دار ہوگا۔ اور قانونی دائرے میں رہ کر ٹھیکہ چلانے کا پابند ہوگا۔ اور کسی بھی قسم کی اوور چارجنگ کرنے کی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ رسالپور کو ٹھیکہ دار کے خلاف مکمل کاروائی کا حق حاصل ہوگا۔ جس میں مذکورہ ٹھیکہ کی منسوخی بھی شامل ہے۔ ٹھیکہ دار فیس کی وصولی کے لئے پرنٹڈ رسید بک استعمال کرے گا جس پر واضح طور پر شیڈول ریٹ کے مطابق ریٹ درج ہوگا۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کسی دوسری پارٹی یا فرد کو (Sub Let) کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

۷۔ بولی کی منظوری کے بعد کامیاب بولی دہندہ سات دن کے اندر اندر دفتر کے ساتھ مقرر کردہ سٹامپ پیپر پر معاہدہ ٹھیکہ داری اپنے خرچہ پر تحریر و تکمیل کرائے گا۔ اور معاہدے پر دستخط کئے بغیر کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ اسکے علاوہ ماہانہ اقساط کے پوسٹ dated چیک ایڈوانس میں جمع کروانے ہونگے۔

۸۔ کینٹ بورڈ کے نادہندہ کو بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔

۹۔ کامیاب بولی دہندگان مروجہ قوانین کے مطابق ٹیکسز دینے کا پابند ہوگا۔

۱۰۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر / بورڈ کو اختیار حاصل ہوگا کہ کوئی بھی وجہ بتا کر بولی منظور یا مسترد کردے اور یہ حکم نامنظوری کسی عدالت میں یا کسی فورم میں چیلنج نہ کیا جاسکے گا۔ اور اسکی حتمی حیثیت ہوگی۔

۱۱۔ کامیاب بولی دہندہ لیٹرین اور سلاٹر ہاوس کی صفائی کا خاص خیال رکھے گا۔

۱۲۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہوگا اور معیاد کی تکمیل پر متعلقہ ادارے سے NOC لے کر کینٹ بورڈ رسالپور میں جمع کرائے گا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں کرایہ دار قانونی طور پر خود ذمہ دار ہوگا۔

۱۳۔ دیگر شرائط و ضوابط معلومات کے لئے کنٹونمنٹ بورڈ آفس دفتری اوقات کار دوران ملاحظہ کی جاسکتی ہیں یا کینٹ بورڈ سے ٹیلی فون نمبر 0923-568562 پر دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

۱۴۔ یہ اشتہار PPRA کی ویب سائیڈ پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر

رسالپور کینٹ

CamScanner